والدین کی گائیڈ

## جائزہ اور رپورٹنگ

فیملیوں کے لئے یہ جاننا اہم ہے کہ انکا بچہ( بچے) سکول میں کیسا کر رہے ہیں ۔ کیلگری بورڈ آف ایجوکیشن میں تعلیم اور جائزہ جڑے ہوئے ہیں ۔ جائزے کی رائے کے زریعے طلبہ اپنی تعلیم کو بہتر بناسکتے ہیں ۔ طالب علم کی پیشرفت کے بارے میں معلومات جمع کرنے کے لئے اساتذہ ہدایات اور جائزے کا استعمال کرتے ہیں ۔ اساتذہ اور طالب علم کیلئے یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ طالب علم کیا جانتے ہیں، کس طرح جانتے ہیں، وہ اس کو کس طرح ظاہر کرتے ہیں اوران کو اگلا کیا سیکھنے کی ضرورت ہے ۔



## جائزہ (اسیسمینٹ)

### ابتدائی جائزہ (فارمیٹیو اسیسمینٹ)

طالب علم یہ جاننے کیلئے اپنے بارے میں رائے وصول کرتے ہیں کہ وہ کیسا کر رہے ہیں اور کس طرح وہ بہتر کر سکتے ہیں- اس مسلسل رائے کے ذریعے، طلباء اور اساتذہ علم کے سیکھنے کو چیک کرکے یہ فیصلہ کرسکتے ہیں کہ انکو تعلیمی اہداف تک پہنچنے کے لئے اگلے کیا اقدام لینے چاہئیے-



### مجموعی جائزہ (سممیٹیو اسیسمنٹ)

مجموعی جائزہ تعین کیے گے وقت کے ایک خاص لمحے میں انفرادی طلبا کی کامیابیوں اور البرٹا تعلیم کے پروگرام کی تحقیق کے نتائج کے درمیان موازنہ ہے ۔ جب طلبا کی کامیابیوں کو سی-بی-ای کے رپورٹ کارڈ کے نتائج کے ساتھ جانچا (ایویلیویٹ) جاتا ہے تو استاد کی پیشہ ورانہ فیصلے کے ساتھ ساتھ، متعدد مجموعی جائزوں کو بھی مدنظر رکھا جاتا ہے ۔

### ابتدائی اور مجموعی جائزے کے درمیان کیا تعلق ہے؟

طالب علم کی پیشرفت اور کامیابی ابتدائی اور مجموعی جائزے کے ذریعے ظاہر کی جاتی ہے ۔ ابتدائی جائزہ مسلسل قابل عمل رائے مہیا کرتا ہے تاکہ طلبا ردعمل کرسکیں اور اپنے تعلیمی مقاصد کو حاصل کرنے کے مطابق ایڈجسٹ کرسکیں ۔ مجموعی جائزے گریڈ کے بارے میں مطلع کرتے ہیں اور/یا مخصوص اوقات میں ، جیسے سیکھنے کے ایک یونٹ کے اختتام پر اعداد کے زریعے اندازہ لگاتے ہیں ۔

کثیر نتائج کا مسلسل جائزہ لیا جاتا ہے تاکہ انکی بنیاد پر طلبا کی کامیابیوں کے بارے میں معلومات جمع کی جاسکے ۔ جب طالب علموں کو ان نتائج کی آگاہی ملتی ہے، تو وہ یہ جانتے ہیں کہ وہ کیا سیکھ رہے ہیں اور وہ اسے کیوں سیکھ رہے ہیں-

جب طلبا کی کامیابیوں کا اندازہ سی-بی-ای رپورٹ کارڈ کے نتائج کے بمقابل کیا جاتا ہے تو متعدد جائزے کے ساتھ ساتھ ، استاد کے پیشہ ورانہ فیصلوں کو مدنظر رکھا جاتا ہے-

## رپور ٹنگ

رپورٹ کارڈ کے زریعے البرٹا تعلیمی پروگراموں کے نتائج کو طلباء، فیملیوں ، اور صوبے کے ساتھ طلبا کی کامیابیوں کے متعلق رسمی طور پر بات چیت کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ رپورٹ کارڈ میں اساتذہ کو ایک مدت یا سمسٹر میں سیکھنے کا خلاصہ تیار کرنے کی ضرورت ہوتی ہے ۔ کنڈرگارٹن سے گریڈ 9 تک کے طلبہ کو ایک سال میں دو باقاعدہ رپورٹ کارڈ ملتے ہیں۔ گریڈ 10 سے 12 تک کے طالب علموں کو کورس کے مطابق دو باقاعدہ رپورٹ کارڈ ملتی ہیں ۔

پورے اسکول سال میں غیر رسمی طور پرتمام طلبہ سے انکی پیش رفت اور کامیبی کے بارے میں مختلف طریقوں سے مسلسل رابطہ رکھا جاتا ہے ۔

Calgary Board of Education

cbe.ab.ca

# کنڈر گارٹن سے گریڈ 9 تک کی رپورٹنگ

## نتائج کیا ہیں؟

البرٹا تعلیم کے پروگرام کی تحقیق کے مطابق نتائج یہ بیان کرتے ہیں کہ آپ کے بچے کو کیا جاننے اورکیا کرسکنے کی توقع کی جاتی ہے ۔ سیکھنے کا عمل جب نتیجے یا مقصد کے ساتھ شروع ہوتا ہے تو طلبہ جانتے ہیں کہ وہ کیا سیکھ رہے ہیں اور وہ اسے کیوں سیکھ رہے ہیں ۔ اساتذہ سیکھنے کے کاموں کو ڈیزائن کر سکتے ہیں اور طالب علموں کوبہتر کرنے کے لئے مخصوص جواب الجواب مہیا کرتے ہیں-



ایک کورس میں مجموعی طور پر ایک گریڈ موصول کرنے کے بجائے، طلباء کو ایک کورس میں رپورٹ کارڈ کے نتائج کے زریعے اپنی کامیابی کے اشارات ظاہر ہوتے ہیں - یہ طالب علموں اور
فیملیوں کوطالب علم کی قوتوں اور ان حصوں جن میں افزائش ممکن ہے، کے بارے میں مزید معلومات مہیا کرتے ہیں-

## کامیابی کے اشارات کیا ہیں؟

کنڈر گارٹن سے گریڈ 9 تک کی ہر رپورٹ کارڈ میں، 1 (پورا نہیں اترنا) سے 4 (بہترین) تک کامیابی کے اشارات موصول کرتے ہیں ۔ یہ اشارات طلبا کی کامیابیوں کا خلاصہ دیتے ہیں، جو البرٹا تعلیم کے پڑھائی کے پروگرام میں سیکھنے والے کے نتائج پر مبنی ہیں ۔



طالب علم کی تعلیم کے بارے میں سوالات کرنے کیلئے فیملیوں کو ہمیشہ اپنے سکول سے رابطہ کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے ۔ ترقی اور کامیابی کے بارے میں معلومات کے بہترین ذرائع آپ کا بچہ،
آپ کے بچے کے اساتذہ اور سکول کی انتظامیہ کی ٹیم ہیں-

## سوالات جو آپ اپنے بچے سے پوچھنا چاہیں کہ وہ اسکول میں کیسا کر رہے ہیں:

- کل آپ اسکول میں کیا کرنے کے منتظر ہیں؟
- اسکول میں آج آپ نے سب سے مشکل کام کونسا کیا تھا؟ آپ کے لئے سب سے آسان کیا تھا؟ آپ کو مزہ کس میں آیا؟
- گزشتہ ہفتہ/مہینہ/وغیرہ میں آپ کے خیال میں آپ نے کیسے بہتری کی ہے ؟
- آپ کیا بہتر کرنا چاہتے ہیں؟ آپ بہتر کرنے کے لیے کیا منصوبہ بندی رکھتے ہیں؟

یہ معلوم کرنے کیلئے کہ آپ کا بچہ اسکول میں کیسا کر رہا ہے اپنے بچے کے ٹیچر یا منتظمین سے
سوالات پوچھیں :

- میرا بچہ کلاس میں کیسا کر رہا ہے؟
- میرے بچے میں آپ کونسی خوبیاں دیکھتے ہیں؟
- میرا بچہ کہاں بہتر کر سکتا ہے؟
- ہم گھر پر اپنے بچے کی تعلیم میں کیسے حمایت کر سکتے ہیں ؟

**مزید معلومات حاصل کریں |**
**cbe.ab.ca کا دورہ کریں اور جائزے اور رپورٹنگ کو ہمارے "پروگرام" کے ٹیب کے تحت تلاش کریں- آپ "نصاب" اور پھر "جائزے اور رپورٹنگ" کو منتخب کریں-**

Calgary Board of Education